زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ پیپلز پارٹی کی نرگس ملک اور ق لیگ کی ثمینہ خاور میں لڑائی، گالم گلوچ۔ (ایک خبر)

دنیا میں حکومت گر زنانی ہوتی
عالمی جنگ جو ہوتی تو زبانی ہوتی

☆ یکم جولائی سے بجلی کے نرخ ۱۷فیصد بڑھائے جائیں گے۔ (ایک خبر)

تاکہ بجلی کے بِل سے عوام کے بَل نکالے جا سکیں!

☆ غربت سے تنگ شخص نے بیوی اور تین بچوں کو پھانسی دے دی۔ (ایک خبر)

غربت کو فروغ دینے والے حکمرانوں میں بھی یہ روایت چلے تو بات بنے۔

☆ ۱۹۶۴ء کے بعد پہلی بار پارلیمنٹ میں دفاعی بجٹ پیش کیا گیا۔ (حنا ربانی کھر)

جو سوات اور وزیرستان میں اپنے ہم وطنوں کو فتح کرنے کے لیے ناکافی ہے۔

☆ حنا ربانی کھر نے اپنی بجٹ تقریر کے دوران ۱۶ مرتبہ غلط اردو پڑھی۔ (ایک خبر)

آتی ہے اردو زباں آتے آتے

☆ ملتان کی ۴۰ سڑکوں کے لیے پونے ۶۳ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ (ایک خبر)

توڑ توڑ کے بنانے اور بنا بنا کے توڑنے میں ہی پورے ہو جائیں گے۔

☆ پرویز مشرف سمیت ۳۴ افراد پر ستی بجلی ناجائز حاصل کرنے کا الزام ثابت۔ (ایک خبر)

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی
گھر ''میر'' کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

☆ پاکستان کی امداد نہ کی گئی تو طالبان بھارت اور خلیج ممالک جا سکتے ہیں۔ (شاہ محمود)

غیر ممکن ہے کہ حالات کی گتھی سلجھے
اہل مغرب نے بہت سوچ کے الجھائی ہے

☆ ایوانِ صدر کے لیے سگریٹ کی خریداری بند کرنے کی ہدایات۔ (ایک خبر)

خبردار! سگریٹ خود خرید کر پئیں، پیسے ہم سے لیں